ٹیچر ٹریننگ کورس

شخصیت سازی کی سرگرمی –4

(Portfolio Activity-4)

کورس: آؤ قرآن پڑھیں -آسان طریقے سے !

اسباق: سبق- 35 سے سبق-50

1. شخصیت سازی کی سرگرمی –4
   - تجوید اور حروف کی آواز سکھانے میں ٹی پی آئی کے استعمال کرنے اور بچوں کے لیے اُس کے معاون ومددگار ہونے کے تعلق سے اپنے رائے دیجیے۔ نیز اگر ٹی پی آئی کے کچھ نقصانات ہوں تو اُن پر بھی روشنی ڈالیے۔
   - حروف یا حرکات کی نظم کس طرح بالغان کو بھی سیکھنے میں مدد کر سکتی ہے؟ اپنی رائے دیجیے کہ آر کیو کے کورس کو کس طرح زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچایا جاسکتا ہے، اور یہ بھی بتائیے کہ ممکنہ طور پر کن چیلنجز کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے؟
   - اکیڈمی کے طرز تعلیم کو سامنے رکھتے ہوئے مکمل تجوید کے خلاصہ کا ایک جامع چارٹ تیار کیجیے۔
2. گروپ پروجیکٹ: حروف تہجی، حرکات اور تجوید کے قواعد سکھانے کے لیے مفید گیمس (کھیل) تیار کیجیے۔ تفصیلی خاکہ، تصاویر اور گیم کا نمونہ جمع کروائیے۔ ملحوظ رہے کہ گیم میں یہ چیزیں ہونی چاہیے:
   - گیم کا نام دلچسپ ہو
   - گیم کے اصول و قواعد
   - پوائنٹس کیسے حاصل کرنا ہوگا
   - گیم جیتنے کا کیا طریقہ ہوگا
   - گیم ابتدائی سیکھنے والوں کے لیے آسان اور سادہ ہونا چاہیے

3. فیلڈ پروجیکٹ: قرآن سکھانے کے لیے طلبہ کی ایک نئی بیچ اسٹارٹ کیجیے۔

اُدعُ إِلىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ
إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ

خيركم من تعلم القرآن وعلمه

میں سُنتا ہوں؛ بھول جاتا ہوں، میں مشق کرتا ہوں؛ یاد رکھتا ہوں، میں پڑھاتا ہوں، میں ماہر بنتا ہوں۔

ٹاسک:

ٹاسک—1: بیچ کی تیاری: اپنے بیک گراؤنڈ، ماحول کی بنیاد پر آر کیوپڑھانے کے لیے پڑھنے والوں کاایک گروپ منتخب کیجیے۔ یہ گروپ بچوں یابڑوں کا ہوسکتا ہے۔ (ایک بیچ میں کم از کم پانچ افراد ہوں)

ٹاسک—2: آن لائن یا آف لائن تدریس: پڑھنے والوں کی ضرورت کے مطابق آپ کو طے کرنا ہوگا کہ کس طرح پڑھانا زیادہ بہتر اور مناسب ہوگا۔ اگر گروپ میں نوجوان طلبہ ہوں تو آن لائن کلاس زیادہ بہتر ہے، یابڑی عمر کے افراد پڑھ رہے ہوں تو روایتی طرز پر آف لائن کلاس بہتر ہوگی۔

ٹاسک—3: ہفتہ واری شیڈول بنائیے: اس کی بنیاد طلبہ کی موجودگی پر ہوتی ہے۔ زیادہ بہتر ہے کہ ہفتہ میں تین لائیو میٹنگ ہوں۔ اس طرح کورس کادورانیہ تین تا چار مہینے ہوسکتا ہے۔

ٹاسک—4: کلاس کا آغاز: طلبہ کو کلاس میں شریک ہونے سے پہلے متعلقہ سبق کے ویڈیوز دیکھ کر آنے کا کہیں۔ کلاس کے دوران طلبہ سے ربط بنائے رکھیں اور اگر کوئی سوال وغیرہ ہو تو صاف اور واضح انداز میں اُس کا جواب دے کر حل کریں۔